PRINCE SCHOOL

विद्याऽमृतमश्नुते

# PRINCE SCHOOL

Rajasthan Board, English & Hindi Medium, Class IV to XII (Science, Commerce, Arts & Agriculture)

www.princeeduhub.com | Palwas Road, Sikar. Helpline : 9610-69-2222 | princeeducationhubsikar

**Model Paper -I**

**Class : X**

**Time : 03:15 Hours** **Subject : Urdu** **M.M. : 80**

ہدایت : سبھی سوالات کرنے لازمی ہیں۔

صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

(حصّہ - الف)

(18×1=18)

1- مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔

(i) "حمد" کے آخری شعر میں کارخانے سے کیا مراد ہے؟

(A) دنیا (B) زمین (C) آسمان (D) ندی

(ii) اُردو زبان کہاں پیدا ہوئی؟

(A) چین میں (B) ایران میں (C) جاپان میں (D) ہندوستان میں

(iii) "آدمی کی کہانی" سبق کے مصنف کا نام ہے؟

(A) پریم چند (B) کرشن چندر (C) رتن سنگھ (D) محمد مجیب

(iv) شاعر نے سرائے فانی کسے کہا ہے؟

(A) جنّت کو (B) پہاڑ کو (C) گھر کو (D) دنیا کو

(v) میر تقی میر کہاں پیدا ہوئے؟

(A) پنجاب میں (B) آگرہ میں (C) دہلی میں (D) کشمیر میں

(vi) "موت کا ایک دن معیّن ہے" میں معیّن کے کیا معنی ہیں؟

(A) غیر طے شدہ (B) طے شدہ (C) عارضی (D) کبھی

(vii) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کہاں پیدا ہوئے؟

(A) گجرات میں (B) راجستھان میں (C) پنجاب میں (D) مدھیہ پردیش میں

(viii) "نئی روشنی" سبق میں اندھے لڑکے کا نام ہے؟

(A) اسلم (B) برکت (C) جاوید (D) محمود

(ix) رضیہ سلطان نے کتنے سال حکومت کی؟

(A) ڈھائی سال (B) تین سال (C) چار سال (D) ساڑھے تین سال

(x) وتن سنگھ نے 'کاٹو کا گھوڑا' کسے کہا ہے؟

(A) سلیم کو (B) کرشن کو (C) ہندو کو (D) چھوٹو کو

(xi) اُتر بھارت میں کون سی پراکرت بولی جاتی ہے؟

(A) ماگدھی (B) شورسینی (C) مہاراشٹری (D) اردھ ماگدھی

(xii) کرنل سے کارتوس مانگنے والا سوار کون تھا؟

(A) وزیر علی (B) نظیر علی (C) محمد علی (D) احمد علی

(xiii) بھیم راؤ امبیڈکر کب پیدا ہوئے؟

(A) 1889ء میں (B) 1890ء میں (C) 1891ء میں (D) 1892ء میں

(xiv) سبق "خدا کے نام خط" کس زبان کی کہانی کا اردو ترجمہ ہے؟

(A) انگریزی (B) اسپینی (C) گریک (D) یونانی

(xv) اقبالؔ کہاں پیدا ہوئے؟

(A) دہلی میں (B) لکھنؤ میں (C) سیالکوٹ میں (D) کراچی میں

(xvi) 'خدائے سخن' کے لقب سے کس شاعر کو یاد کیا جاتا ہے؟

(A) نظیرؔ کو (B) اقبالؔ کو (C) غالبؔ کو (D) میرؔ کو

(xvii) تکلّف کے کیا معنی ہیں؟

(A) غم (B) دکھاوا (C) بے چینی (D) پریشانی

(xviii) شکست کا متضاد ہے؟

(A) شخص (B) آزادی (C) فتح (D) ہار

2- مندرجہ ذیل خالی جگہ کو پُر کیجیے۔ (6X1=6)

(i) ڈاکٹر امبیڈکر کا اصل نام ------- تھا۔

(ii) وزیر علی کے کارنامے سُن کر ------- کے کارنامے یاد آتے ہیں۔

(iii) چوپان گھلاوے ------- ملے، جو روٹی دے تو نان ملے۔

(iv) ہستی اپنی ----- کی سی ہے۔

(v) خون اپنا ہو یا ----- ہو۔

(vi) خط کی جمع ------- ہوگی۔

3- مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے۔ (12X1=12) (~~6X1=6~~)

(i) غالبؔ کا پورا نام کیا تھا؟

(ii) حمد کسے کہتے ہیں؟

(iii) بھیم راؤ کا اہم کارنامہ کیا تھا؟

(iv) اُتر بھارت میں کون سی پراکرت بولی جاتی تھی؟

(v) کلاس میں بچے کس بات پر حیرت زدہ تھے؟

(vii) 'آگرہ بازار' کس کا ڈراما ہے؟

(viii) عوامی شاعر کس کو کہا جاتا ہے؟

(viii) بے چینی کے عالم میں شاعر پر کیا بیت رہی ہے؟

(ix) 'کوئی صورت نظر نہیں آتی' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(x) مرزا غالب کہاں پیدا ہوئے؟

(xi) 'عالم' کی جمع ہوگی؟

(xii) 'اندھیرا' کا متضاد الفاظ ہے؟

(10×2=20)

(حصّہ - ب)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھ کر دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔

دالان میں ایک چارپائی پر للّو لیٹا ہے آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے ہیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مہینوں سے بیمار ہیں سرہانے چچی بیٹھی تھی اُس کا سر دبا رہی ہے دو تین بار اُٹھنے کی کوشش کرتی ہے مگر للّو فوراً اُٹھنے لگتا ہے، چارپائی کے پاس تپائی پر گلاس، پیالی، دوا کی شیشیاں اور گھڑی رکھی ہے بائیں جانب ایک نعمت خانہ ہے ذرا آگے کو گھڑونچی پر گھڑا ہے جس پر ایک کٹورا رکھا ہے۔

4- للّو کہاں پر لیٹا ہے؟

5- للّو کی حالت کیسی ہے؟

6- تپائی پر کیا کیا چیزیں رکھی ہیں؟

7- گھڑا کس پر رکھا ہوا ہے؟

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مختصراً لکھیے۔

8- فعل کی تعریف لکھیے۔

9- مفعول کی تعریف لکھیے۔

10- محاورہ 'کھوپڑی میں نہ سمانا' کے معنی لکھیے

11- مندرجہ ذیل کے سابقے یا لاحقے لگائیے۔

ادب ، دولت

12- مندرجہ ذیل رموز و اوقاف کی علامت لکھیے۔

ختمہ ، سکتہ

13- مندرجہ ذیل کے مذکر اور مونث لکھیے۔

بھائی ، اُستاد

(4×3=12)

(حصّہ - ج)

14- مندرجہ ذیل اقتباس کا مطلب لکھیے اور سیاق و سباق کا حوالہ دیجیے۔

اگلے اتوار کو پھر لیں شو ڈاک خانے میں آیا اور پوچھا کہ کیا اس کے نام کوئی خط

آیا یہ ہے پوسٹ ماسٹر نے لین شو کا خط اس کے حوالے کیا اور اس کارِ خیر کے انجام دینے پر ایک طرح کی خوشی محسوس کی۔ اس کے بعد وہ دروازے کی دراز سے لین شو کی کیفیات دیکھنے لگا۔

**یا**

یہ سب ہزاروں برس میں ہوا اور پھر کہتے ہیں کہ دُنیا کی آب و ہوا بدلی۔ وہ ایسی بگڑی کہ اس کا بہت سا حصّہ برفستان ہو گیا اور برف کے کھسکتے کھسکتے پہاڑوں نے سب کچھ اپنے تلے روند ڈالا۔ پھر گرمی آہستہ آہستہ بڑھی۔

15- سبق 'زبانوں کا گھر ہندوستان' یا 'نئی روشنی' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

16- مندرجہ ذیل اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے۔

(i) ہستی اپنی حباب کی سی ہے — یہ نمائش سراب کی سی ہے

(ii) کوئی اُمید بر نہیں آتی — کوئی صورت نظر نہیں آتی

17- نظم 'جھرنا' یا 'نیکی اور بدی' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

(حصّہ - د) (3x4=12)

18- ساحر لدھیانوی یا نظیر اکبر آبادی کی مختصر حالاتِ زندگی لکھیے۔

19- اپنے اسکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب کو دو دن کی چھٹی کی درخواست لکھیے۔

**یا**

اپنے دوست کو دسویں جماعت میں اوّل آنے پر مبارکباد کا خط لکھیے۔

20- مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔

(i) تاج محل

(ii) یوم آزادی

(iii) میلے کی سیر

*** ختم شد ***